صاحب کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے کہ ۴ رکنی قادیانیوں سے متعلق دوسری آئینی ترمیم کی تنسیخ کو ختم کرنے کا آرڈیننس جاری کر کے مسلمانوں کی تشویش کو رفع کیا۔ نیز مجلس شوریٰ کے معزز ارکان جناب قاری سعید الرحمٰن صاحب اور جناب مولانا سمیع الحق صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ انہوں نے اس مسئلہ میں مجلس شوریٰ کے سامنے مسلمانوں کے جذبات کی صحیح ترجمانی کی۔

○ محترم المقام جناب مولانا سمیع الحق صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم کے بعد واضح رہے کہ آپ کا وفاقی مجلس شوریٰ میں داخل ہونا قابل اعتراض اقدام نہیں ہے حق گو علماء کی ہر میدان میں ضرورت ہے۔ صدر صاحب کے ساتھ ان کے نیک ارادوں میں تعاون نہایت ضروری ہے۔ ان کی صدارت بہت سے مظلوموں کی آہوں اور لاتعداد صالحین کی دعوات کا ثمرہ ہے۔ مشوروں میں ایک اہم مشورہ یہ ہے کہ مرزائیوں کے ساتھ ہاتھ لگانا بھی سامری کے ساتھ ہاتھ لگانا ہے۔ اس میں حکومت کی بدنامی اور مرزائیوں کی ہر بلا جیسے خراب نتائج نظر آتے ہیں۔ نفقط والسلام علیکم۔ اس کے انسداد کے لئے بھی سعی جاری رکھیں۔

(حضرت مولانا) محمد فرید عفی عنہ مفتی و شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک۔

○ آپ کی شوریٰ کی سرگرمیوں کا کچھ پتہ چلتا رہا۔ آپ کی مساعی جمیلہ اور شریعت کے نفاذ کی کوششوں سے دلی خوشی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مزید ہمت اور جراٗت عطا فرمائے۔ اور ہر قسم کی لالچ و خوف سے بے نیاز کرکے ہر حال میں حق کی حمایت اور توفیقات سے نوازتا رہے۔ اور آپ کے نیک مقاصد میں آپ کو کامیاب فرمائے۔

حضرت مولانا محمد اشرف صاحب صدر شعبہ عربی پشاور یونیورسٹی

○ الی فضیلۃ الشیخ المولی سمیع الحق سلمہ الملک الحق

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ اما بعد

فبصمیم القلب وخلوصہ اقدم الیک التبریک بترشحک رکنا للمجلس الملّی وفرداً من افرادہ المعظمۃ المکرمۃ فارجو من اللہ الکریم وعظیم توفیقہ ان یوفقک لاظہار ما فی الدین القویم من حسن تنظیمہ وتنفیذہ اللہم وبیکن لہ الک آمین (شیخ الحدیث مولانا) فدوی امین گل عفی عنہ صدر اساتذہ دارالعلوم اسلامیہ عربیہ شیر گڑھ و خادم حدیث۔

○ اللہ تعالیٰ نے اپنے اسلاف اور اکابرین کے مسلک کے مطابق ایوانِ حکومت میں کتاب و سنّت کی بات کرنے کے لئے منتخب کرادیا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ بزرگوارم! میں اس بات کا قائل ہوں۔ کہ اپنے حضرات ہر مقام پر ضرور ہونے چاہئیں مخالفت برائے مخالفت علماءِ حق کا شیوہ نہیں ہے۔ مسلم لیگی دور میں مرحوم حضرت مولانا احتشام الحق صاحبؒ سے اللہ تعالیٰ نے دین کا کتنا کام لیا۔ اسی طرح مفتی اعظم پاکستان قائد جمعیت مفتی محمود صاحب قدس سرہٗ کی وزارت کو دیکھیے